This question paper consists of **27** questions [Section-A (17) + Section-B (5 + 5)] and **8** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17)+حصہ (ب) میں (5+5)] اور 8 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.** | | | | | | | | | | | | | **Code No. 63/SS/A/U/A**

رول نمبر

**SET A**

# URDU

# اُردو

# (306)

**Day and Date of Examination** ____________________

امتحان کا دن اور تاریخ

**Signature of Invigilators** **1.** ____________________

نگران کار کے دستخط

**2.** ____________________

***General Instructions :***

1 Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.

2 Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.

3 Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.

4 Write your Question Paper Code No. **63/SS/A/U/A** and Set-**A** on the Answer-Book.

ھدایات :

1- طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2- مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3- طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

4- اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **63/SS/A/U/A** Set A لکھئے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## URDU

## اُردو

## (306)

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 100

وقت : 3 گھنٹے کل مارکس : 100

**Note :** (i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has ***two*** options. Candidates are required to attempt questions from ***one option*** only.

نوٹ : (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری (Option) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

### SECTION - A

### حصّہ الف

.1 درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 6

آجکل کے زمانے میں عورتوں نے تعلیم حاصل کرکے اور کچھ مغربی تہذیب کی نقل کرکے اپنے حقوق کے لیے آوازیں اُٹھانا شروع کر دی ہیں۔ وہ بھی کچھ اِسی طرح کی باتیں کرتی ہیں جو چڑیا نے کہیں۔ مثلاً انڈے بچے پالنے کا مجھ ہی پر ٹھیکہ نہیں ہے۔ تم بھی برابر کے شریک ہو۔ اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ اکیلی چڑیا پر سب بوجھ ہو۔ اب آزادی اور برابری کا حق ہے۔ آدھا کام تم کرو اور آدھا کام میں کروں۔ میں تمہارے انڈوں بچوں کی آیا نہیں ہوں۔ آپ نے غور کیا ؟ مصنف نے چڑیا کی زبان سے وہ مخصوص جملے کہلوائے ہیں، جو عام طور پر گھروں میں لڑائی ہو جانے پر عورتیں کہتی ہیں۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

**سوالات :**

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ مصنف کا نام لکھیے۔

(ب) انڈے بچے پالنے کا مجھ پر ٹھیکہ نہیں ہے۔ یہ الفاظ کون کس کو کہتا ہے؟

(ج) اب آزادی اور برابری کا حق ہے۔ یہ لفظ کون کہتا ہے؟

(د) کن لوگوں نے مغربی تعلیم و تہذیب کی نقل کر کے اپنے حقوق کے لیے آوازیں اُٹھانی شروع کر دیں ہیں؟

**یا**

رام دِیال ایک کٹّر برہمن ہے۔ جو فلیٹس بنوا کر بیچتا ہے یا کرائے پر دیتا ہے۔ حالانکہ اس کے پاس نو فلیٹس خالی ہیں لیکن وہ کسی ایسے آدمی کو کرائے پر دینے کے لیے تیار نہیں جو اس کا ہم مذہب یا ہم ذات نہ ہو۔ ایک مسلمان جوڑے کو اس نے یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ آپ کے لیے مناسب جگہ جامع مسجد اور اردو بازار ہے۔ ایک پنجابی کو اس لیے فلیٹ نہیں دیا کہ وہ گوشت، مچھلی کھاتا ہے۔

**سوالات :**

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ب) رام دِیال کیا کام کرتا ہے؟

(ج) رام دِیال کرائے پر فلیٹس کس کو دینا چاہتا ہے؟

(د) ایک مسلمان جوڑے کو کرائے پر فلیٹس نہ دے کر اُسے کیا کہتا ہے؟



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

.2 درج ذیل میں سے کسی ایک کی مکمل تعریف لکھیے : 4

(i) ڈرامہ (ii) افسانہ (iii) ناول

.3 کرشن چندر، پریم چند، سرسید احمد خاں میں سے کسی ایک کے حالات زندگی تحریر کیجیے اور اِن کے اسلوب پر روشنی ڈالیے۔ 5

.4 مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے : 5

(a) عصمت چغتائی نے آپ کے نصاب میں کس عنوان یعنی افسانہ کو لکھا ہے ؟

(b) کنہیا لال کپور کے خاکہ کا کیا نام ہے ؟

(c) ڈرامہ ''دراوزہ کھول دوٗ' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

(d) 'پوس کی رات' کے مصنف کون ہیں ؟

(e) وہ کون سا پہلا کالج تھا جہاں مغربی علوم اردو زبان میں پڑھائے جاتے تھے ؟

.5 سبق 'اُمید کی خوشی' یا 'چوتھی کا جوڑا' یا 'بھولا' میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 4

.6 'حق وفاداری' یا 'مِس چڑیا' کی کہانی میں سے کون سا کردار اچھا لگتا ہے ؟ وجوہات بیان کیجیے۔ 4



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

7. خاکہ 'برج بانو' اور افسانہ 'بھولا' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ 4

8. درج ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر کم سے کم **تین** صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے : 10

(i) کرکٹ کا آنکھوں دیکھا میچ

(ii) اُردو زبان کا مستقبل

(iii) بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ

(iv) کوئی تہوار

9. مندرجہ ذیل میں سے کُل دو اشعار دونوں حِصّوں میں سے کرنے ہیں۔ شاعروں کے نام بھی لکھیے : 6

(a) جس چمن میں تھا بُلبُلوں کا ہجوم

آج اس جا ہے آشیانہ بوم

جو کہ تھے بادشاہ ہفت اقلیم

ہوئے جاجا کے زیر خاک مقیم

(b) ہر اک قدم پہ سوچتے تھے سبطِ مصطفیٰ

لے تو چلا ہوں فوج عمر سے کہوں گا کیا

نہ مانگنا ہی آتا ہے مجھکو، نہ التجا

جنت بھی گر کروں گا تو کیا دیں گے وہ بھلا



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

10. مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 6

(a) 'فعل' اور مراعات النظیر

(b) تضاد سے کیا مُراد ہے؟

(c) ہندوستان کے کوئی دو قومی تہواروں کے نام لکھیے۔

11. نظم 'خاک وطن' اور نظم 'نئی تہذیب' میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔ 6

12. مثنوی یا قصیدے کی تعریف لکھیے۔ 4

13. میر تقی میؔر کے کوئی دو اشعار لکھیے۔ 4

یا

میر تقی میؔر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟

14. قصیدہ کی تعریف لکھ کر کوئی دو قصیدہ گو شعراء کے نام لکھیے۔ 4

15. اردو نظم یا غزل کے ارتقا پر ایک مختصر مضمون لکھیے۔ 4

16. اپنی پسند کے کوئی دو اشعار لکھیے، جو پرچہ میں نہ ہوں۔ 4

17. غالبؔ یا میر تقی میؔر کی غزل گوئی کا مختصر تعارفی نوٹ لکھیے۔ 5



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## SECTION - B

## حصّہ ب

### OPTION - I

### اختیاری - I

18. باڑہ ہندو راؤ کے لوگوں کا مطالبہ ہے کہ علاقے میں لڑکیوں کے اسکول میں اساتذہ کی کمی کو پورا کیا جائے۔ 4

19. اپنے اسکول کے سالانہ کھیل دوس (روز) پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ یہ بھی تحریر کیجیے کہ کتنے کھلاڑی اس میں شامل ہو رہے ہیں ؟ 4

20. فیچر کی کوئی دو خصوصیات بیان کیجیے۔ 2

21. خبر کی تعریف لکھیے اور کوئی دو خصوصیات بھی تحریر کریں۔ 2

22. ٹی۔وی۔ میں اردو کی مقبولیت کا کیا راز ہے ؟ 3



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## OPTION - II

## اختیاری - II

18. خبریں جمع کرنے میں نامہ نگار اور رپورٹر کا کیا رول ہوتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ 4

19. الکٹرانک میڈیا میں سب سے زیادہ مقبول ٹی۔وی۔ ہے۔ وضاحت کیجیے۔ 4

20. مقاصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں ؟ کوئی دو قسمیں لکھیے ۔ 2

21. خبروں سے انسان کی زندگی کا بہت گہرا تعلق ہے۔ وضاحت کیجیے۔ 2

22. آج کے دور میں اخبار کی آمدنی کا اہم ترین ذریعہ اشتہار ہیں۔ وضاحت کیجیے۔ 3


Unnati Educations
9899436384, 9654279279